India supplies next batch of humanitarian assistance to Afghanistan

January 01, 2022

بھارت نے افغانستان کو انسانی امداد کی اگلی کھیپ فراہم کی

01 جنوری، 2022

آج ہندوستان نے انسانی امداد کی اگلی کھیپ افغانستان کو فراہم کی جس میں کووڈ ویکسین (COVAXIN) کی 500,000 خوراکیں شامل ہیں۔ اسے کابل کے اندرا گاندھی اسپتال کے حوالے کیا گیا ہے۔

مزید 500,000 خوراکیں آنے والے ہفتوں میں فراہم کی جائیں گی۔

حکومت ہند نے افغان عوام کو انسانی امداد فراہم کرنے کا عہد کیا ہے جس میں غذائی اجناس، کووڈ ویکسین کی 10 لاکھ خوراکیں اور زندگی بچانے والی ضروری ادویات شامل ہیں۔

پچھلے مہینے کے شروع میں، ہندوستان نے ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن (WHO) کے ذریعے افغانستان کو 1.6 ٹن طبی امداد فراہم کی تھی۔ آنے والے ہفتوں میں، ہم گندم کی فراہمی اور بقیہ طبی امداد کی فراہمی کا کام شروع کریں گے۔ اس سلسلے میں، ہم نقل وحمل کے طریقۂ کار کو حتمی شکل دینے کے لیے اقوام متحدہ کی ایجنسیوں اور دیگر کے ساتھ رابطے میں ہیں۔

نئی دہلی

01 جنوری 2022

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release